بخدمت جناب چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان

اعتراضات برائے ابتدائی حلقہ بندی حلقہ PP118,PP119,PP120,NA111,NA,112 ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ودرستگی۔

جناب عالی!

گزارش ہے کہ سائل حلقہ PP120 کا ووٹر اور رہائشی ہوں۔ابتدائی طور پر جو حلقہ PP120 بنایا گیا مجھے اس پر اعتراضات ہیں۔

حلقہ NA111 جسکی کل آبادی 6,94,809 اور NA112 جسکی کل آبادی 7,43,099 ہے حلقہ PP118 جسکی کل آبادی 3,45,623 ہے اور حلقہ PP119 جسکی کل آبادی 3,49,186 ہے اور حلقہ PP120 جو کہ کل آبادی 3,63,691 پر مشتمل ہے۔

حلقہ NA111 تحصیل گوجرہ مکمل اور تحصیل ٹوبہ قانونگوئی II اور چوہلہ قانونگوئی کے حلقہ پر محیط بنایا گیا ہیاور ٹوبہ قانونگوئی II کے دو عدد پٹوار سرکل جن کی آبادی 17,378 ہے اور حلقہ NA111 میں شامل کر دئے گئے ہیں جبکہ ان مذکورہ پٹوار سرکل فاصلہ سٹی گوجرہ سے 40/45 کلومیٹر ہے ان کا تھانہ صدر ٹوبہ اور پٹوار سرکل بھی ٹوبہ ہے جن کو حلقہ NA112 میں شامل کیا جائے کیونکہ NA112 تحصیل ٹوبہ پر محیط ہے اور ان کا فاصلہ بھی سٹی ٹوبہ سے صرف 5 کلومیٹر ہے۔جب کہ ان کے برعکس چوہلہ قانونگوئی کے پٹوار سرکل چک 249 گ ب اور 254 گ ب (آبادی 23,646) NA112 میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ان چکوک کا فاصلہ ٹوبہ سٹی سے 50 کلومیٹر ہے جبکہ سٹی گوجرہ سے 20 کلومیٹر بنتا ہے جن کو NA111 میں شامل کیا جانا چاہیے۔اور اسی تبدیلی کی صورت میں ان دونوں حلقہ جات میں صرف 6,000 آبادی کا فرق پڑتا ہے۔

اسی طرح حلقہ PP118 کے کچھ دیہات ٹوبہ قانونگوئی II میں شامل کر دیئے گئے ہیں جنکی آبادی 17,378 ہے اور ان کا فاصلہ سٹی گوجرہ سے 40/45 کلومیٹر ہے جبکہ سٹی ٹوبہ سے ان کا فاصلہ صرف 5 کلومیٹر ہے چوہلہ قانونگوئی کے پٹوار سرکل چک 249 گ ب اور 254 گ ب (آبادی 23,646) PP120 میں شامل

3

کردیئے گئے ہیں۔ان چکوک کا فاصلہ ٹوبہ سٹی سے 50 کلومیٹر ہے جبکہ سٹی گوجرہ سے 20 کلومیٹر بنتا ہے جن کو PP119 میں شامل کیا جانا چاہیے جبکہ PP119 کے کچھ پٹوار سرکل 97 ج ب ،98ج ب، 363 ج ب (کل آبادی 25,696) یہ چکوک پہلے بھی سابقہ PP84 اور موجودہ PP118 میں شامل تھے ان کو دوبارہ PP118 میں شامل کردیا جائے۔

اگر مذکورہ بالا تبدیلی کر دی جائے تو PP118 جسکی کل آبادی 3,45,623 ہے جس میں سے اگر ٹوبہ قانونگوئی II (آبادی 17,378) منہا کردی جائے اور اس میں گوجرہ کے پٹوار سرکل 97 ج ب ،98 ج ب، 363 ج ب (کل آبادی 25,696) شامل کردی جائے تو اس کی آبادی 3,53,941 بنتی ہے اور 8000 آبادی کا اضافہ ہوتا ہے۔

جبکہ اگر مذکورہ بالا تبدیلی کردی جائے تو PP119 جسکی کل آبادی 3,49,186 ہے جس میں سے اگر گوجرہ کے پٹوار سرکل 97 ج ب ،98 ج ب ،363 ج ب (کل آبادی 25,696) کی آبادی منہا کردی جائے اور چوہلہ قانونگوئی کے پٹوار سرکل چک 249 گ ب اور 254 گ ب (آبادی 23,646) شامل کردیئے جائیں تو PP119 کی آبادی 3,47,136 بنتی ہے اور صرف 2000 کا فرق پڑتا ہے۔

حلقہ PP120 جسکی کل آبادی 3,63,691 ہے جس میں سے اگر چوہلہ قانونگوئی کے پٹوار سرکل چک 249 گ ب اور 254 گ ب (آبادی 23,646) منہا کردی جائے اور اس میں ٹوبہ قانونگوئی II (آبادی 17,378) کی آبادی شامل کردی جائے تو حلقہ PP120 کی آبادی 3,57,423 بنتی ہے ۔اور صرف 6,000 آبادی کا فرق پڑتا ہے۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ حلقہ بندی میں درستگی فرما مشکور فرمائیں۔انصاف پروری ہوگی۔

عــــــــــــــــرضــــــــــــــــے

مصور سعید ولد سعید احمد ساکن چک نمبر 383 ج ب تحصیل و ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

شناختی کارڈ نمبر 33303-2826592-9
0321-7551291